# درس ۳: فعل ماضی کے آخری صیغہ اور بعض فعل مستقبل کے صیغہ

۱- ضَرَبَ ← **ضَرَبْتِ۔ تاء** مکسورہ واحد مونث کی علامت ہے اور ضمیر فاعلی بھی ہے اور اسکی ضمیر منفصل **انتِ** ہے۔

۲- **ضَربتِ ← ضَربتَا ← ضَربتَما ← ضَرَبْتُمَا۔ تُما** علامت ہے تثنیہ مخاطب مونث کی اور ضمیر فاعل بھی ہے، اسکی ضمیر منفصل **انتُما** ہے۔

۳-**ضَربتِ ← ضَرَبْتِمْنَ ← ضَرَبْتُمْنَ ← ضَرَبْتُنَّ۔ تُنَّ** علامت ہے جمع مونث مخاطب کے لئے اور ضمیر فاعل بھی ہے۔ ضمیر منفصل **انتُنَّ** ہے۔

۴-**ضَرَبَ ← ضَرَبْتُ۔تُ** واحد متکلم کی علامت اور ضمیر فاعلی ہے۔اس کی ضمیر منفصل **انا** ہے۔

۵- **ضَرَبَ ← ضَرَبْتُنا ← ضَرَبْنا۔ نَا** جمع متکلم کی علامت ہے اور ضمیر فاعل بھی ہے اور اسکی ضمیر منفصل **نَحنُ** ہے۔

۶-

<table>
<tr><th colspan="7">فعل مستقبل</th></tr>
<tr><th></th><th colspan="2">غائب</th><th colspan="2">مخاطب</th><th colspan="2">متکلم</th></tr>
<tr><th></th><th>مذکر</th><th>مونث</th><th>مذکر</th><th>مونث</th><th colspan="2">مذکر اور مونث</th></tr>
<tr><td>مفرد</td><td>(۱) يَضْرِبُ</td><td>(۴) تَضْرِبُ</td><td>(۷) تَضْرِبُ</td><td>(۱۰) تَضْرِبِينَ</td><td rowspan="2">(۱۳) اَضْرِبُ</td><td rowspan="2">وحده</td></tr>
<tr><td>تثنيه</td><td>(۲) يَضْرِبَانِ</td><td>(۵) تَضْرِبَان</td><td>(۸) تَضْرِبَانِ</td><td>(۱۱) تَضْرِبَانِ</td></tr>
<tr><td>جمع</td><td>(۳) يَضْرِبُونَ</td><td>(۶) يَضْرِبْنَ</td><td>(۹) تَضْرِبُونَ</td><td>(۱۲) تَضْرِبْنَ</td><td>(۱۴) نَضْرِبُ</td><td>مع الغير</td></tr>
</table>

۷-ضَرَبَ ← **يَضْرَبَ ← يَضْرِبَ ← يَضْرِبُ۔ يَضْرِبُ** میں **ياء** حرف استقبال اور غائب کی علامت بھی ہے۔اس میں **هوا** ضمیر فاعلی کے طور پر پوشیدہ ہے۔

۸-**يَضْرِبُ ← يَضْرِبَانِ** اس میں **الف** علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل بھی ہے۔اس کی ضمیر منفصل **هما** ہے۔

۹-**يَضْرِبُ ← يَضْرِبَانِ۔** اس میں **الف** علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل بھی ہے۔اس کی ضمیر منفصل **هما** ہے۔

۱۰-**يَضْرِبُ ← يَضْرِبَون ← يَضْرِبُون۔** اس میں **واو** علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل ہے۔اسکی ضمیر منفصل هُم ہے اور **نون** رفع کے بدلے آیا ہے۔